نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی گلابی سنڈی کے کنٹرول کیلئے سفارشات جاری کردیں

لاہور08جولائی2021: محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی گلابی سنڈی کے کنٹرول کیلئے سفارشات جاری کردیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کاشتکار تمام آئی پی ایم پلاٹس پر پی بی روپس لگائیں۔گلابی سنڈی کے کنٹرول کیلئے 4 جنسی پھندے فی ایکڑ لگائیں اور ہر 15 دن کے وقفے سے جنسی کیپسول تبدیل کریں۔کاشتکار گلابی سنڈی کے حملے کی صورت میں مدھانی نما پھول توڑ کر تلف کر دیں۔کپاس کی گلابی سنڈی کے موثر کنٹرول کیلئے تمام آئی پی ایم پلاٹس میں ٹرائیکوگراما اور کرائیسو پرلا کے کارڈ فی الفور لگائے جائیں تاہم کیمیائی سپرے کی صورت میں 48 گھنٹے کے وقفے سے کارڈ لگائے جائیں۔سفید مکھی کے تدارک کیلئے پیلے چپکنے والے کارڈ بحساب 8 کارڈ فی ایکڑ استعمال کریں اور انہیں 15 دن کے وقفے سے تبدیل کریں۔کاشتکار کھیتوں،کھالوں اور وٹوں کے اردگرد پائی جانے والی سفید مکھی،ملی بگ اور پتہ مروڑ وائرس کے میزبان پودوں کی تلفی یقینی بنائیں۔کاشتکار ہفتے میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ یقینی بنائیں اور سپرے کرتے وقت صاف پانی کا استعمال کریں۔سپرے صبح یا شام کے وقت کریں۔صوبہ پنجاب کے مختلف علاقوں میں کپاس کی حالیہ فصل پر کہیں کہیں سفید مکھی،چست تیلا،تھرپس،گلابی سنڈی اور لشکری سنڈی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔ان کے تدارک کیلئے کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے زرعی زہروں کا استعمال کریں۔کاشتکار تمام زرعی اُمور موسمی پیشن گوئی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرانجام دیں اور اگر بارش ہو تو نکاسیِ آب کا فوری بندوبست کریں

☆☆☆☆